ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ بہاولپور

نمبر 229 / کنڈکٹ

مورخہ: 03 فروری/2020ء

بخدمت جناب سربراہان ادارہ جات،

گورنمنٹ ہائی/ہائیر سیکنڈری سکولز/الحاق شدہ ادارہ جات (بوائز/گرلز)

بہاولپور ڈویژن بہاولپور۔

عنوان: طلباء/طالبات کے لئے امتحان دینے سے متعلق ضروری معلومات

میٹرک سالانہ امتحان 2020ء مورخہ 22 فروری بروز ہفتہ سے شروع ہو رہا ہے۔ امیدواران کے لئے امتحان سے قبل امتحان دینے بارے ضروری معلومات آپ تک پہنچائی جا رہی ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ آپ اپنے طلباء/طالبات کو بذریعہ محترم اساتذہ کرام ضروری معلومات سے روشناس کرائیں تاکہ قوم کے یہ معمار اچھے طریقہ سے امتحان دے سکیں۔

1۔ انگریزی لازمی، اُردو لازمی، اسلامیات لازمی، مطالعہ پاکستان، اسلامیات اختیاری، جنرل سائنس، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، کمپیوٹر سائنس، جنرل ریاضی اور ریاضی میں امتحان دو گروپوں میں ہوگا یعنی گروپ اول اور گروپ دوم۔ باقی مضامین میں کوئی گروپ نہیں ہوگا۔

2۔ امیدوار کو اُس سنٹر/گروپ میں ہی امتحان دینا ہوگا جو سنٹر/گروپ اُسکو الاٹ کیا جائے گا۔ کوئی اُمیدوار الاٹ شدہ سنٹر/گروپ جو اُسکی رول نمبر سلپ پر درج ہوگا کے علاوہ دوسرے سنٹر/گروپ میں امتحان نہیں دے سکے گا۔

3۔ وہ مضامین جن میں کوئی گروپ نہیں ہے اِن میں تمام اُمیدواران اپنی رول نمبر سلپ کے مطابق ایک ہی وقت اور ایک ہی تاریخ میں امتحان دینا ہوگا۔

4۔ غیر مُسلم اُمیدواران جنہوں نے اسلامیات کی بجائے جس متبادل مضمون میں امتحان دینا ہوگا وہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق اُسی دن اور اُسی تاریخ کو امتحان دیں گے۔

5۔ اُمیدوار کو جو جوابی کاپی فراہم کی جائے گی اسی پر اپنا پرچہ مکمل کرنا ہوگا کوئی اضافی شیٹ نہیں ملے گی۔

6۔ تمام اُمیدواران جوابی کاپی پر اپنا رول نمبر ہندسوں میں لکھیں اور پیپر کوڈ بذریعہ Bubble پر کریں نیز اپنے دستخط بھی کریں گے۔

7۔ معروضی پرچہ میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں اور جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے پر کریں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

8۔ دوران امتحان کسی بھی چھٹی کا اعلان ڈیٹ شیٹ پر ہرگز اثر انداز نہیں ہوگا اور امتحان شیڈول کے مطابق ہوگا۔

9۔ موبائل فون سنٹر میں لانے کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔

10۔ اگر کوئی اُمیدوار احتجاجاً امتحان نہیں دیگا تو اُسکا دوبارہ امتحان نہیں لیا جائے گا اور اُسکو اُس پرچہ/مضمون میں غیر حاضر تصور کیا جائیگا۔

11۔ روزانہ صبح کا پرچہ 8:30 بجے اور شام کا پرچہ 1:30 بجے شروع ہوگا۔ صرف جمعہ کے روز شام کا پرچہ 2:30 بجے شروع ہوگا۔

12۔ انشائیہ اور معروضی پرچہ پر مقررہ وقت کا اندراج ہوگا جس کے مطابق پرچہ کا اختتام ہوگا۔

13۔ امیدوار کے لئے لازم ہے کہ وہ مقررہ وقت سے آدھا گھنٹہ قبل اپنے امتحانی سنٹر پہنچ جائے۔

14۔ پیپر کے مقررہ وقت کے بعد کسی بھی امیدوار کو امتحانی سنٹر میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ جسکا امیدوار خود ذمہ دار ہوگا۔

15۔ امتحانی سنٹر میں انک ریمور کا استعمال ممنوع ہے۔

16۔ اپنی جوابی کاپی کے خالی صفحات کو کراس کر دیجئے۔

17۔ سیٹنگ پلان کے مطابق جس کرسی پر آپکا رولنمبر لکھا ہوا ہے آپ نے اسی کرسی پر بیٹھ کر امتحان دینا ہے۔

18۔ اپنی جوابی کاپی پر کسی قسم کی نشانی نہ لگائیں اور نہ ہی شناختی علامت تحریر کریں۔

19۔ کسی دوسرے امیدوار کو کچھ بتانا یا اُس سے پوچھنے کی کوشش نہ کریں۔

20۔ جوابی کاپی پر اپنے رولنمبر کا درست اندراج کریں اور درست Bubbles پر کریں۔

آپ کا عملی تعاون قابل تحسین ہوگا۔

اسسٹنٹ کنٹرولر (کنڈکٹ)